برهانُ الهدٰی رهے تُو شادماں
سلامة سلامة رکهے تجهے خدا
جهاں بهي تُو رهے خوشي كا هو سماں
سلامة سلامة رکهے تجهے خدا

تُو خوش رهے خوشي ميں هي بَسر حياة هو تيري خوشي ميں خوش يہ ساري كائنات هو
هو روز روز عيد شَب شَبِ بَرات هو غمِ حسين كے سِوٰی نہ غم كي بات هو
يہ غم سے هي تو هے زمين و اٰسماں
برهانِ ديں تُو پنجتن كے دل كا چين هے تُو نائبِ علي هے ذاتِ مصطفَين هے
جو فاطمة كي باليان حسن حسين هے تو تُو بهي چشمِ فاطمة كا نورِ عين هے
هے تيري ذات ميں تو پنجتن نِهاں
علي كے گهر ميں دي حسن حسين نے نِداء وهي نداء سُنا رها هے تُو شهِ هدٰی
مُنادي پنجتن كا دے رها هے يہ صداء كہ اٰؤ اٰؤ پنجتن كي كر لو اِقتداء
يوهي بُلائے تُو اور اٰئے مؤمناں
حسن امام كي تجهے سخاوتيں ملي حسين كي تجهے هر اك شجاعتيں ملي
كہ زين العابدين كي عبادتيں ملي امامُ العصر كي تجهے بِشارتيں ملي
تُو اُن كا جان و دل وه تيرے قلب و جاں
معز كے دور كي جلالتيں عِياں هوئي تو حُكم حاكمي سے حكمتيں عياں هوئي
ستر ميں كشف كي دلالتيں عياں هوئي تو تجه ميں طيّبي شَباهتيں عياں هوئي
هے تيرا دور يا امام كا زماں
آنا كي شان ميں هے تُو اے سيفِ ديں كا لعل هے شال نجمِ ديں ميں بدر دين كا جمال
مُحِب كے واسطے هيں تيرے حاتمي كمال عدو كے سامنے هے قطبِ دين كا جلال
هر ايك دعاة كي ملي هے تجه كو شاں
خدا كرے يہ جلد امام كا ظهور هو تيري پيشاني چوم كر اُنهيں سرور هو
هو ماه و اٰفتاب ساته نور نور هو جو ظلم كي هيں ظلمتيں وه دور دور هو
امامي طِيب سے مهك اُٹهے جهاں
ضريحِ فاطمة كي خوش خبر سُنائيگا تُو جنّةُ البَقيع ميں معجزه دِكهائيگا
تُو سونے اور چاندي كي ضريح بنائيگا حسين و فاطمة كا غم وهاں كرائيگا
يقيں هے تيرے ساته هونگے هم وهاں
سفينةُ النجاة ميں سوار هوگئے يقيں هے عالمِ هيولٰی پار كر گئے

برهانِ دین تیرے جاں نثار هوگئے   قدس کے قافلے میں هم شُمار هوگئے
مبارك تجهے یہ خلد یہ جِناں
مُحِب یہ تیرے خوش هیں دعوةِ بَهَار میں   نہ کوئي هم نہ کوئي غم هیں سب قرار میں
تیري رزا لیئے هیں دین کے شِعار میں   تیري دعاء کي برکتیں هیں کاروبار میں
دعاء کا سلسله یوهي رهے رواں
غمِ حسین میں یوں هي جواں رهے سدا   رواں لَبوں سے غم کا یہ بیاں رهے سدا
گوهر یہ تیري أنکھ سے رواں رهے سدا   بُکاء و حُزن میں یہ مؤمناں رهے سدا
یہ غم سے هي تو هے سکون و اطمناں
حسامي جب تلك یہ سانس تن میں هو تیرے   برهانِ دیں کا شکر هر سُخن میں هو تیرے
هُنَر کے جو بهي پهول اِس چمن میں هو تیرے   برهانِ دیں پہ وار دے جو فَن میں هو تیرے
لِکھے تیرا قلم کهے تیري زباں

* * *